Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

جلد ۴۲	بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	نمبر ۳۶

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ ربیع الاول ۱۳۴۹ھ مطابق ۲۵ اگست ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت انتزاع قطعی اختیارات بلا اجازت اجلاس ہمایون	۱
۲	بابت تحویل کاروائی ترتیب سابان	۱ و ۲
۳	دوبارہ نہ ترتیب مسلہ	۲
۴	نقشہ بارش و نرخ بازار اجلاس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۳ اگست ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بملاحظہ کاغذات شمولہ واضح ہوا کہ ابراہیم علیخان تحصیلدار حضور تحصیل کو اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوئم دیدیے گئے۔ رپورٹ اطلاعی اجلاس ہمایون میں پیش کی گئی۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ یہ اختیارات کیسے حکم سے دیے گئے ہیں اور آیندہ فوجداری یا مال میں بلا حکم بادولت و اقبال کسیکو اختیارات نہ دیے جائیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی معرضہ بالا و اجرا احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے کہ کاغذات متعلقہ شامل ہیں۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشا حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۱۵ اگست ۱۹۳۰ء

دستخط خاص صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب فائننشل منسٹر بہادر

واقع ۱۳ اگست ۱۹۳۰ء

بعض حسابات کے ملاحظہ سے معلوم ہوا کہ صیغہ جات میں حسابات عموماً ...

[...] اور بعد مرتب ہوکر کارروائی جانچ آڈٹ وغیرہ کیلئے روانہ ہوتے ہیں اور بعض مصارف [...] سال کے آغاز میں ہوجاتے ہیں مگر ان کے مصارف سال کے اختتام پر مرتب [...] ہے یہ طریقہ خلاف قاعدہ ہے اور نہ ایسی حالت میں جانچ قابل اطمینان ہوسکتی ہے۔ ضرورت ہے کہ مصارف ہوجانیکے بعد جس قدر جلد ممکن ہو حسابات مرتب ہوکر صیغہ جات سے کارروائی جانچ ومجرائی کے لئے روانہ ہوجایا کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ [...] ماہ کے اندر حساب کی آڈٹ سے جانچ ہوکر اس کا تصفیہ ہوسکے عام صیغہ جات میں [...] کی سختی کے ساتھ پابندی ہونی چاہئے۔ صاحبان منسٹر بہادر اور صاحبان سکرٹری بہادر [...] کرم اپنے اپنے متعلقہ صیغہ جات میں اسکی پابندی کا حکم صادر فرمائیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل بذریعہ ڈی او بخدمت والا عالیجناب صاحبزادہ سید جعفر علیخان صاحب بہادر مرسل ہو۔ اور ایک ایک نقل حکم صدر سے جناب منسٹر صاحبان بہادر اور جناب سکرٹری صاحبان بہادر وجناب صاحب آرمی منسٹر بہادر سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی اور کرنل محمد علیخان صاحب بہادر کیخدمت میں روانہ کیجائے اور ایک ایک نقل آڈٹ۔ خزانہ۔ بخشیگری۔ آبکاری۔ فیکٹری مودیخانہ۔ مطبع بھیجی جائے درج گزٹ بھی ہو۔

دستخط صاحب فائننس منسٹر بہادر

روبکار عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

اجلاس مسٹر معظم علیخان صاحب بہادر بیرسٹر ایٹ لا چیف جسٹس ہائیکورٹ

واقع ۱۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

آج ہمارے سامنے صیغہ اپیل دوم مسل مقدمہ ابتدائی صیغہ دیوانی فرزند علیخان مدعی بنام نوشہ مدعا علیہ نمبری ۵۵ منفصلہ ۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء اپیل سول جج نمبر ۵ پیش ہوئی ملاحظہ اسال مذکورہ سے واضح ہوا کہ عدالتہائے ماتحت میں مسلون کی ترتیب اور فرد احکام کی تکمیل میں قواعد ۶۰ لغایت ۶۵ وقاعدہ ۹۰ دستور العمل صیغہ دیوانی مجریہ جنوری سنہ ۱۹۰۱ء کی پوری تعمیل نہیں ہوتی۔

ترتیب مسل ابتدائی میں جو نقائص ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔

۱۔ عرضی دعوی اور درخواست ودخال اشامپ ٹکٹ جداگانہ کاغذ ہیں انکو ایک نمبر پر درج کیا ہے یہ اندراج خلاف حکم مندرجہ قاعدہ ۶۱ ہے قاعدہ مذکور میں صاف طور پر بتایا گیا ہے کہ جب ایک تاریخ میں ایک درخواست کے ذریعہ سے چند کاغذات کسی مسل میں شامل کئے جائیں تو ہر کاغذ پر جداگانہ نمبر لکھا جاویگا۔ اور ہر ایک کاغذ جدا جدا نمبر پر فہرست میں درج ہوگا۔ قاعدہ ۶۲ میں جو ایک نمبر پر متعدد متعلقات کے چڑھانیکی ہدایت ہے وہ اس کاغذ کے لئے ہے جو فی نفسہ ایک کاغذ ہو لیکن اوراق اوسکے متعدد ہوں۔ مثلاً عرضی دعوی یا بیان تحریری یا کوئی فیصلہ یا نقل فیصلہ چند اوراق پر ہو تو وہ ضرور ایک نمبر پر درج ہوگا۔ اور ہر ورق پر ذیلی نمبر مثلاً ۱/۱ و ۱/۲ و ۱/۳ وغیرہ ڈالا جاویگا۔

۲۔ نمبر ۲ پر حلف نامہ فہرست اشیائے قرقی طلب خارم (?) ودخال ٹکٹ درج کیا ہے اس اندراج میں وہی نقص موجود ہے جسکی تصریح نمبر ۱ میں کیگئی ہے۔

۳۔ درخواست قرقی قبل از فیصلہ جو نمبر ۶ فہرست عام پر درج ہے وہ نتھی ب میں درج کیگئی بموجب قاعدہ ۱۷ و ۳۰ ایسا کاغذ نتھی الف میں درج ہونا چاہئے۔

۴۔ درخواست ودخال زر نمبر ۹ نتھی ب میں درج ہے بموجب قاعدہ ۱۷ و ۳۰ نتھی الف میں درج ہونا چاہئے۔

۵۔ نمبر ۱ فرد احکام پر صرف یہ عبارت لکھی ہے ۔ ۱۔ پانچ گواہان مدعا علیہ حاضر ہوئے ۲۔ اور نمبر ۱۲ پر یہ عبارت لکھی ہے کہ دو گواہ پیش ہوئے بمنشائے ۵۵ قاعدہ ۹۰ گواہوں کے نام اندراج نہیں ہوا۔

۶۔ ۳۰ر نومبر سنہ ۱۹۲۹ء کو جو چار گواہ مدعی کے پیش ہوئے ہیں انکی کوئی یادداشت یا تذکرہ مرتبہ ججی میں بالکل نہیں ہے۔ عدالت سول ججی کی مسل میں حسب ذیل نقائص ترتیب ہیں۔

۱۔ فہرست عام کے نمبر ۲ پر تین کاغذ تین قسم کے درج کئے گئے ہیں بموجب قواعد ماسبق جدا جدا نمبر پر درج ہونا چاہئے۔

۲۔ نقل فیصلہ بہ نمبر ۹ فہرست کی نتھی الف میں درج کیا ہے بمنشاء ۳۲ و قاعدہ ۴۷ جو نقول نتھی ب میں درج ہونا چاہئے۔ یہ حالت بے ترتیبی مخصوص اس مسل میں نہیں ہے۔ بلکہ دیگر اسال میں بھی اس قسم کے نقائص پائے جاتے ہیں۔ اسلئے نقائص ترتیب مسل و دیگر اور اہلکاران ترتیب دہندہ اسال کو دستور العمل مذکور کی پابندی کیطرف توجہ دلانا ضروری ہے۔ لہذا۔

حکم ہوا کہ

اصل روبکار شریک فائل بک ہو۔ اور نقل اسکی برائے اندراج گزٹ و اطلاع عام و تعمیل مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۱۰ اگست لغایتہ ۱۶ اگست سنہ ۱۹۳۶ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	مقدار بارش	میزان ابتدا سے	مقدار بارش	میزان ابتدا سے	مقدار بارش	میزان ابتدا سے	مقدار بارش	میزان ابتدا سے	مقدار بارش	میزان ابتدا سے	مقدار بارش	میزان ابتدا سے
۱۰ اگست سنہ ۱۹۳۶ء یوم یکشنبہ	۶	۲۳۶	۱۰	۲۲۷	۶	۲۰۵	۰۱۰	۱۳۸	۳	۲۰۵	۱۵	۲۷۷
۱۱ اگست ؍؍ یوم دوشنبہ	۱۲½	۲۴۸½	۶	۲۳۳	۷	۲۱۲	۹	۱۴۷	۱۴	۲۲۲	۴	۲۸۱
۱۲ ؍؍ ؍؍ یوم سہ شنبہ	۵½	۲۵۴	۲	۲۳۹	۱۵	۲۲۷	۵	۱۵۲	۳	۲۲۵	۰	۲۸۱
۱۳ ؍؍ ؍؍ یوم چہارشنبہ	۱½	۲۵۵½	۳۱	۲۶۶	۵۰	۲۷۷	۰	۱۵۲	۱۳	۲۳۸	۳۰	۳۰۱
۱۴ ؍؍ ؍؍ یوم پنجشنبہ	۱۱½	۲۶۷	۴	۲۷۰	۴	۲۸۱	۰	۱۵۲	۱	۲۳۹	۱	۳۰۱
۱۵ ؍؍ ؍؍ یوم جمعہ	¾	۲۶۷¾	۰	۲۷۰	۰	۲۸۱	۲	۱۵۴	۰	۲۳۹	۰	۳۰۱
۱۶ ؍؍ ؍؍ یوم شنبہ	۰	۲۶۷¾	۰	۲۷۰	۰	۲۸۱	۰	۱۵۴	۰	۲۳۹	۰	۳۰۱

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ دوم ماہ اگست سنہ ۱۹۳۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]		۱۰ سیر		۱۲ سیر	۱۱ سیر	تحصیل شاہ آباد و بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۹ سیر ۹ سیر		۱۰ سیر		۱۰ سیر	۱۰ سیر	
نخود گیہوں آمیز	[illegible]		۱۲ سیر		۱۳ سیر	۱۱ سیر	
کتہ	[illegible]		۱۲ سیر		۰	۱۲ سیر	
ماش	[illegible]		۵ سیر		۵ سیر	۵ سیر	
مونگ	[illegible]		۰		۰	۱۲ سیر	
مکا	[illegible]		۰		۲۰ سیر	۱۸ سیر	
جی	[illegible]		۹ سیر		۲۰ سیر	۱۵ سیر	
گوچنا	۸ سیر		۱۲ سیر		۵ سیر	۱۳ سیر	
مسور	[illegible]		۱۰ سیر		۹ سیر	۸ سیر	
ارہر	[illegible]		۱۱ سیر		۰	۹ سیر	
برنج	[illegible]		۵ سیر		۵ سیر	۱۲	
روغن زرد	۲۰ چھٹانک		۷ چھٹانک		۷ چھٹانک	۰	
روغن سیاہ	[illegible]		[illegible]		[illegible]	۱ سیر	
روغن کنجد	[illegible]		۰		۱ سیر	۱ سیر	
نمک سانبھر	[illegible]		۱۱ سیر		۱۱ سیر	۱۱ سیر	
نمک لاہوری	۲ سیر		۹ سیر		۰	۸ سیر	
تمباکو سیاہ	۳ سیر ۵		۵ سیر		۳ سیر	۵ سیر	
	نرخ بازار		۰		۰	۸ سیر	